2

# بچوں کا تحفظ
# اور خاندانی قانون

اونٹاریو میں خواتین کے لئے خاندانی قانون



## تمام خواتین۔ ایک خاندانی قانون۔
اپنے حقوق جانیں۔

fodf Femmes ontariennes et droit de la famille
Le droit de savoir

flew Family Law Education for Women
Women's Right to Know

# بچوں کا تحفظ اور خاندانی قانون

یہ کتابچہ آپ کو قانونی مسائل کا بنیادی فہم فراہم کرنے کے لئے ہے۔ یہ انفرادی قانونی مشورے اور امداد کا متبادل نہیں ہے۔ اگر آپ خاندانی قانون سے متعلقہ مسائل سے نمٹ رہے ہیں، تو اپنے حقوق کے تحفظ کے لئے جلد از جلد قانونی مشورہ حاصل کریں۔ خاندانی قانون کے وکیل کو تلاش کرنے اور ادائیگی کرنے کے طریقے کے بارے میں مزید معلومات کیلئے، ہماری ویب سائٹ *www.onefamilylaw.ca* پر ہمارا یہ کتابچہ دیکھیں *"Finding Help with your Family Law Problem"*

اونٹاریو میں، دی چائلڈ، یُوتھ اینڈ فیملی سروسز ایکٹ ("سی وائی ایف ایس اے") وہ قانون ہے جو بچوں کے بہترین مفادات، تحفظ اور فلاح و بہبود کو فروغ دیتا ہے۔

*سی وائی ایف ایس اے* تسلیم کرتا ہے کہ بچوں کی حفاظت کے لئے خدمات بچوں پر مرکوز ہونی چاہئیں۔ بچوں کی حفاظت کے لئے خدمات کو چاہیئے کہ وہ کم سے کم متاثرہ عملی منصوبے کے بارے میں سوچیں اور بچے کے مستحکم ماحول کو جاری رکھنے پر توجہ دیں۔

*سی وائی ایف ایس اے* یہ بھی تسلیم کرتا ہے کہ نظامی نسل پرستی اور امتیازی سلوک کو لازمی طور پردُورکرنا ہوگا۔ بچوں اور خاندان کے لئے تمام خدمات کو تنوع اور انسانی حقوق کا لازمی طور پر احترام کرنا چاہیئے، اور بچے کی نسل، ثقافت، صنف اور دیگر ذاتی خصوصیات پر لازمی طور پرغور کرنا چاہیئے۔

حکومت 18 سال سے کم عمر بچوں کی مدد کے لئے بچوں کی فلاح و بہبود کے اداروں کو سرمایہ فراہم کرتی ہے جنہیں تحفظ کی ضرورت ہوتی ہے۔ ان ایجنسیوں کو اکثر چلڈرنز ایڈ سوسائٹیز (سی اے ایس) یا چائلڈ اینڈ فیملی سروسز کہا جاتا ہے۔ سی اے ایس کا کردار بدسلوکی کے الزامات کی تحقیقات کرنا، رہنمائی فراہم کرنا، خاندانوں کو اکٹھے رہنے میں مدد کے لئےکام کرنا، اور انتہائی شدید معاملات میں، بچوں کو ان کےگھروں سے نکال لانا ہے۔ سی اے ایس بچوں اور نوجوانوں کو دیکھ بھال فراہم کرتی ہے، انہیں رضاعی دیکھ بھال اورگود لینے کے لئے پاس رکھتی ہے، اور خاندانوں کو مدد فراہم کرتی ہے۔

بحیثیت والدین، آپ کی قانونی ذمہ داری یہ ہےکہ آپ اپنے بچےکو نقصان سے بچائیں اور ان کی بنیادی ضروریات جیسےکھانا اور رہائش فراہم کریں۔ اگر سی اے ایس کے پاس اس یقین کی کوئی وجہ ہےکہ آپ ایسا نہیں کر رہے ہیں تو، یہ آپ کے اہل خانہ سے تفتیش کرسکتی ہے۔

سی اے ایس کو یہ فیصلہ کرنے کے لئے مخصوص قوانین اور طریقہ کار پر عمل کرنا ہوگا کہ آیا کسی بچےکو **تحفظ کی ضرورت ہے۔** سی اے ایس تحقیقات مکمل کرنے کے بعد ، یہ طےکرے گی کہ اگلے اقدامات کیا ہیں۔ سی اے ایس فیصلہ کرسکتی ہےکہ انہیں آپ کے کنبےکے ساتھ ملوث ہونےکی ضرورت نہیں ہے یا وہ مدد کے لئے آپ کےکنبہ کو کسی کمیونٹی ایجنسی کے پاس بھیج سکتے ہیں۔

اگر سی اے ایس کو یقین ہےکہ آپ کے بچےکو تحفظ کی ضرورت ہے، اور یہ کہ بچےکو گھر میں تحفظ فراہم نہیں کیا جاسکتا ہے، تو یہ آپ کے بچےکو آپ کےگھر سے نکال سکتی ہے اور اسے کسی خاندان، کمیونٹی کے کسی فرد یا رضاعی دیکھ بھال میں رکھ سکتی ہے۔

## " تحفظ کی ضرورت ہونا " کا کیا مطلب ہے؟

*سی وائی ایف ایس اے* بیان کرتا ہے کہ کب کسی بچےکو تحفظ کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس میں مندرجہ ذیل شامل ہیں اگر لڑکا یا لڑکی:

- کو تنہا رکھا جاتا ہے، اس کی پرواہ نہیں کی جاتی ہے یا اسے نظراندازکیا جاتا ہے؛
- کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے یا اس کے ساتھ زیادتی کا امکان ہے؛
- اپنےگھر میں بالغوں کے مابین بدسلوکی یا تشددکو دیکھتا/دیکھتی ہے؛

بدسلوکی میں جسمانی، جنسی اور جذباتی زیادتی شامل ہیں۔ *سی وائی ایف ایس اے* کے تحت، نگہداشت کرنے والے میں کوئی بھی بالغ فرد شامل ہوتا ہے جو کسی بچےکی دیکھ بھال کا ذمہ دار ہوتا ہے۔ اس سےکوئی فرق نہیں پڑتا کہ والد یا والدہ میں سےکون یا نگہداشت کرنے والا بچے سے بدسلوکی کر رہا ہے۔ یہاں تک کہ اگر آپ اپنے بچے کے ساتھ بدسلوکی نہیں کررہے ہیں، تو سی اے ایس اس کی تحقیق کرسکتی ہےکہ آیا آپ کو اس بدسلوکی کے بارے میں معلوم تھا، یا اس کے بارے میں پتہ ہونا چاہیئے تھا، اور اسے روکنےکی کوشش نہیں کی تھی ۔

*سی وائی ایف ایس اے* کے تحت، ایک بچےکی تعریف 18 سال سےکم عمر کے فردکے طور پرکی جاتی ہے۔ تاہم، جب سی اے ایس کسی بچےکے لئے مداخلت کرتی ہے جس کی عمر 16 یا 17 ہے، تو بچےکو رضاکارانہ معاہدے پر لازمی طور متفق (رضامندی) ہونا ہوگا۔ 16 یا 17 سالہ بچےکو اس کی رضامندی کے بغیرگھر سے نہیں نکالا جاسکتا۔

## سی اے ایس خاندانوں کے ساتھ کیسے شامل ہوتی ہے؟

جو بھی شخص یہ سمجھتا ہے کہ بچے کو تحفظ کی ضرورت ہے وہ سی اے ایس کو لازمی طور پر بتائے۔ اسے **اطلاع دینے کا فرض** کہا جاتا ہے۔

بچوں کے لئے کام کرنے والے ہر پیشہ ورکو لازمی طور پر سی اے ایس کو کال کرنا چاہیئے اگر وہ 16 سال سے کم عمر بچے کے ساتھ بدسلوکی یا نظر اندازکئے جانے کا شک و شبہ کریں۔ اس میں اساتذہ، ڈاکٹرز، سوشل ورکرز، مذہبی رہنما اور ڈے کیئر ورکرز شامل ہیں۔ اگر وہ سی اے ایس کو اطلاع نہیں دیتے، تو ان پر جرم کا الزام عائد کیا جاسکتا ہے۔

اگرکوئی بچہ 16 یا 17 سال کا ہے تو پیشہ ور فیصلہ کرسکتا ہے کہ آیا وہ بدسلوکی کی اطلاع سی اے ایس کو دینا چاہتے ہیں۔ ان عمروں کے بارے میں اطلاع دینا لازمی نہیں ہے۔

اطلاع دینے کی ڈیوٹی **جاری** ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ یہاں تک کہ جب کوئی شخص بدسلوکی کی اطلاع پہلے ہی دے چکا ہے، تو اسے لازمی طور پرکسی اور وقت بھی اطلاع دینا چاہیئے جب وہ سمجھتا ہے کہ بچے کے ساتھ زیادتی کی گئی ہے یا اسے نظرانداز کیا گیا ہے۔

آپ خود بھی سی اے ایس کو مدد کے لئے کال کرسکتے ہیں۔

گھریلو تشدد *اور سی اے ایس*

اگر آپ کے ساتھ بدسلوکی کی جارہی ہے اور پولیس کو بلایا جاتا ہے، تو سی اے ایس کو بھی آپ کے گھر بلایا جاسکتا ہے۔ بعض اوقات ایسی خواتین جن کے ساتھ بدسلوکی کی جا رہی ہوتی ہے ان کی سی اے ایس کے ذریعہ تفتیش کی جاتی ہے۔ سی اے ایس یہ کام اس لئے کرتی ہے کیونکہ اس بات کی تشویش ہوتی ہے کہ بالغوں کی زیادتی بچے کی حفاظت اور فلاح و بہبود کو متاثرکر رہی ہے۔ بچے کے بہترین مفادات سی اے ایس تحقیقات کا محور ہیں۔

اگر کوئی سی اے ایس ورکر آپ کے گھر آتا ہے، تو وہ آپ اور آپ کے بچے سے سوالات کرے گا۔ کارکن آپ کے پارٹنر کے ساتھ بدسلوکی کے بارے میں بھی بات کرسکتا ہے۔

اگر سی اے ایس محسوس کرتی ہے کہ آپ اپنے بچے کو نقصان سے بچانے کے لئے وہ کام نہیں کر رہے جو آپ کو کرنا چاہیئے، تو وہ آپ کے بچے کو گھر سے لے جا سکتے ہیں اگرچہ آپ بدسلوکی کرنے والے نہیں ہیں۔ آپ کے بہترین انتخابات کیا ہیں اس بات کا پتہ لگانے کے لئے کسی وکیل سے بات کرنا انتہائی ضروری ہے۔

## جب سی اے ایس شامل ہو جائے توکیا ہوتا ہے؟

### مرحلہ 1: اسکریننگ

جب کوئی سی اے ایس کو کال کرتا ہے یا اطلاع دیتا ہے، تو بچوں کا تحفظ کرنے والا ورکر ابتدائی اسکریننگ کرے گا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ چائلڈ پروٹیکشن ورکر رپورٹ پر غور کرنے کے لئے کچھ اقدامات کرے گا تاکہ یہ فیصلہ کیا جا سکے کہ سی اے ایس کو آپ کے کنبے کے ساتھ ملوث ہونے کی ضرورت ہے یا نہیں۔ بعض اوقات سی اے ایس فیصلہ کرے گی کہ اس مقام پر اسے مزید کارروائی کرنے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ وہ مطمئن ہوتی ہے کہ آپ کے بچے کی اچھی طرح سے دیکھ بھال کی جا رہی ہے۔ چائلڈ پروٹیکشن ورکر آپ کے اہل خانہ کوکمیونٹی میں دستیاب خدمات سے بھی منسلک کر سکتا ہے۔

### مرحلہ 2: تحقیقات

اسکریننگ (مرحلہ 1) کے بعد، سی اے ایس تحقیقات کرنے کا فیصلہ کرسکتی ہے۔ اگر ایسا ہوتا ہے، تو سی اے ایس آپ کے گھرکا وزٹ کرے گی اور آپ، آپ کے پارٹنر اور آپ کے بچے سے بات کرے گی ۔ سی اے ایس گھر سے باہر لوگوں سے بھی انٹرویوکر سکتی ہے جیسے کہ گھر کے دیگر افراد، اساتذہ، ڈاکٹروں یا پڑوسیوں سے۔

سی اے ایس کا تفتیش کرنا بہت سنجیدہ معاملہ ہے۔ اگر آپ ان کے خدشات پر توجہ نہیں دیتے، تو سی اے ایس مزید ملوث ہوسکتی ہے کیونکہ وہ اس بات کو یقینی بنانا چاہتے ہیں کہ آپ کا بچہ محفوظ ہے۔ یہ ضروری ہے کہ آپ ایسے اقدامات کریں جو یہ ظاہرکریں کہ آپ سی اے ایس کی جانب سے معقول درخواستوں کے ساتھ تعاون کر رہے ہیں اور مسائل سے نمٹنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ تاہم ، اگر آپ کچھ قانونی مدد چاہتے ہیں تو آپ کو کسی وکیل سے بات کرنے کا حق حاصل ہے۔

تحقیقات کے اختتام پر، سی اے ایس فیصلہ کرسکتی ہے کہ آپ کے بچے کو تحفظ کی ضرورت نہیں ہے۔ اگر ایسا ہوتا ہے تو ، اس میں کوئی اور اقدامات نہیں ہوں گے۔

### مرحلہ 3: خدمت کے معاہدے یا عدالت تک رسائی

اگر سی اے ایس یہ فیصلہ کرتی ہے کہ آپ کے بچے کو تحفظ کی ضرورت ہے، تو یہ یقینی بنانے کیلئے کہ آپ کا بچہ محفوظ ہے کاروائی کرے گی ۔ اس کاروائی میں آپ کے اہل خانہ کے ساتھ عدالت کے باہرکام کرنا (رضاکارانہ طورپر) مسائل سے نمٹنے کی کوشش کرنا شامل ہے تاکہ آپ کا بچہ آپ کے گھر میں رہ سکے۔

زیادہ تر معاملات میں جہاں سی اے ایس عدالت سے باہرکنبوں کے ساتھ کام کر رہی ہے، وہ آپ سے **ایک رضاکارانہ خدمت کے معاہدے** پر دستخط کرنےکو کہےگی جس میں وہ اقدامات شامل ہوں گے جو آپ اس بات کو یقینی بنانےکیلئے اٹھائیں گےکہ آپ کا بچہ محفوظ ہے۔

ایک رضاکارانہ خدمت کے معاہدے میں ایسی خدمات قبول کرنا شامل ہو سکتا ہے جیسےگھر پر ملاقاتیں، والدین کےکورسز، مشاورت یا منشیات کی ٹیسٹنگ ۔

سی اے ایس آپ سے **عارضی نگہداشت کے معاہدے** پر دستخط کرنے کے لئے بھی کہہ سکتی ہے۔ اس سے سی اے ایس 6 مہینوں تک بچے کی دیکھ بھال کر سکتی اور اسے اپنی تحویل میں رکھ سکتی ہے۔ 12 سال سے زائد عمرکے بچےکو معاہدے پرلازمی طور پر اتفاق کرنا ہوگا۔

اگر آپ سے رضاکارانہ خدمت کے معاہدے یا عارضی دیکھ بھال کے معاہدے پر دستخط کرنے کے لئے کہا گیا ہے، تو دستاویز پر دستخط کرنے سے پہلے قانونی مشورہ حاصل کرنا انتہائی ضروری ہے۔ اگر آپ دستخط کرنے سے پہلے قانونی مشورہ حاصل نہیں کرسکتے، پھر بھی آپ کو جتنی جلدی ممکن ہو قانونی مشورہ لینا چاہیئے۔

اگر آپ کو سی اے ایس سے ملنےکے وقت ترجمان کی ضرورت ہو، تو آپ انہیں یہ فوری طور پر بتا دیں۔ اگر آپ کو کسی اور اضافی مددکی ضرورت ہو، جیسےکہ کسی معاون فرد کی ملاقاتوں میں موجودگی کی ضرورت ہو، تو آپ کو یہ بھی سی اے ایس کو بتانا چاہیئے۔

اگر آپ کسی معاہدے پر دستخط کرتے ہیں لیکن اس کی شرائط پر عمل نہیں کرتے تو سی اے ایس آپ کے بچےکو آپ کےگھر سے لے جا سکتی ہے۔

آپ کےکسی معاہدے پر دستخط کرنے کے بعد، سی اے ایس عام طور پر آپ کے کنبے کے ساتھ اس بات کو یقینی بنائےگی کہ آپ کا بچہ محفوظ ہے اور اس کی اچھی طرح سے نگہداشت کی جاتی ہے اور آپ معاہدے کے مطابق عمل کر رہے ہیں۔

## بچےکو نکال لے جانا

اگر سی اے ایس نے یہ فیصلہ کیا ہےکہ آپ کے بچےکو تحفظ کی ضرورت ہے اور آپ کے بچےکو محفوظ رکھنےکا کوئی دوسرا راستہ نہیں ہے تو وہ آپ کے بچےکو گھر سے نکال کر لے جاسکتی یا اپنی گرفت میں لے سکتی ہے۔

اگر ایسا ہوتا ہے، تو فوری طور پر قانونی مشورہ حاصل کریں۔

سی اے ایس کے بچے کو گھر سے نکال لے جانے کے پانچ دنوں کے اندر عدالت میں لازمی طور پر جانا چاہیئے اسے **بچوں کی حفاظت کی سماعت کی پہلی پیشی** کہا جاتا ہے

آپ کو اپنے بچے کے گھر سے نکال لئے جانے کے فوری بعد قانونی مشورہ اور نمائندگی حاصل کرنی چاہیئے۔ عام طور پر پہلی پیشی میں، اگر والدین کے پاس وکیل اور ثبوت موجود نہ ہوں، تو عدالت سی اے ایس کے شواہد کی بنیاد پر ابتدائی حکم جاری کر سکتی ہے، اور اس معاملے کو کسی بعد کی تاریخ میں شیڈول کرے گی تا کہ والدین کوئی وکیل حاصل کر سکیں۔

آپ کو جلد سے جلد کوئی وکیل حاصل کرنا چاہیئے۔ وہ آپ سے بات کریں گے کہ کیس

کو سماعت کے لئے کس طرح شیڈول کیا جائے تا کہ آپ اپنی جانب کی کہانی بتاسکیں۔

اگر آپ اور سی اے ایس کے درمیان اس بات کیلئے کسی معاہدے پر اتفاق نہیں ہوسکتا کہ بچے کو کہاں رکھنا چاہیئے، تو آپ سماعت (مقدمہ) کے حقدار ہیں۔ بچوں کے تحفظ کے مقدمے کی سماعت کے پانچ ممکنہ نتائج ہیں۔

- **برخاستگی** کا مطلب یہ ہے کہ عدالت فیصلہ کرتی ہے کہ بچوں کے تحفظ کے کسی آرڈر کی ضرورت نہیں ہے۔
- **نگرانی** کا آرڈر کا مطلب یہ ہے کہ بچہ والدین، کنبے یا کمیونٹی کے کسی فرد کے گھر رہتا ہے، لیکن سی اے ایس ان کی نگرانی میں شامل ہوتی ہے۔ کچھ خاص شرائط و ضوابط ہوسکتی ہیں جو نگہداشت کرنے والے کو لازمی طور پر پورا کرنا ہوں گی ۔
- **عبوری سوسائٹی کیئر** کا مطلب ہے کہ کسی بچے کو سی اے ایس کی محدود مدتی تحویل (رضاعی والدین) میں بھیجنے کا حکم دیا جاتا ہے۔
- توسیعی سوسائٹی کیئر کا مطلب ہے کہ بچہ مستقل طور پر سی اے ایس کی تحویل میں ہے اور اسے اپنایا جاسکتا ہے۔
- **تحویل** کا حکم کا مطلب ہے کہ بچے کو والدین، رشتہ دار یا کمیونٹی کے کسی فرد کی تحویل میں دیا جاتا ہے۔

اگر بچے کو اپنے والدین کے پاس واپس نہیں لایا جاسکتا، تو سی *وائی ایف ایس* اے بچوں کو

توسیع شدہ خاندان میں رکھنے کی اہمیت پر زور دیتا ہے۔

اگر آپ کے بچے کو آپ کے گھر سے نکالنا ضروری ہے، تو آپ بچے کو کسی خاندانی فرد یا دوست کے ساتھ رکھنے کے لئے پوچھ سکتے ہیں۔ سی اے ایس کیلئے اس شخص کی گھریلو تخمینہ کاری کرنا ضروری ہے تاکہ یہ معلوم کیا جا سکے کہ آیا وہ بچے کی دیکھ بھال کرسکتے ہیں۔

اگرکوئی بھی مناسب نہیں ہے جس کے ساتھ آپ کا بچہ رہ سکے، تو سی اے ایس کوئی رضاعی یا گروپ ہوم تلاش کرے گی ۔

بدسلوکی کی بعض اقسام جرائم بھی ہیں۔ سی اے ایس کے دفاترکی پالیسیاں ہیں جن کے مطابق جب بھی کوئی فرد جسمانی استحصال اور جنسی بدسلوکی کے بارے میں بتائے تو انہیں لازمی طور پر پولیس کو اطلاع دینا ہوگی ۔ پولیس بدسلوکی کی تحقیقات کرے گی اور وہ مجرمانہ الزامات عائد کرسکتی ہے۔ بچے کے تحفظ کی سماعتوں کے علاوہ فوجداری مقدمہ بھی ہوگا۔ جرم کے الزامات بچے کے تحفظ کا معاملہ ختم نہیں کرتے۔ اگر آپ پرکسی جرم کا الزام عائدکیاگیا ہے تو آپ کو کسی فوجداری وکیل سے فوری طور پر قانونی مشورہ لینا چاہیئے۔

## پیدائش کے وقت ادراک

اگر آپ کے بچے کے تحفظ کے لئے معنی خیز خدشات ہیں تو سی اے ایس آپ کے بچے کو پیدائش کے وقت لے جاسکتی ہے۔ کسی اور وقت کی طرح، یہ کارروائی کرنے کیلئے سی اے ایس کو لازمی طور پر واضح خدشات لاحق ہونے چاہئیں۔

مثال کے طور پر، سی اے ایس آپ کے بچے کے تحفظ کیلئے ممکنہ طور پرفکر مند ہوگی اگر:

- آپ کے پچھلے بچوں کو سی اے ایس پہلے لے جا چکی ہے؛
- آپ کو منشیات اور شراب کا سنگین مسئلہ ہے
- آپ بے گھر ہیں یا غیر محفوظ ماحول میں رہ رہے ہیں؛ یا
- عدم استحکام کی دیگر اقسام، بشمول آپ کی جذباتی اور ذہنی صحت کے بارے میں خدشات

## خلاصه

بچےکے تحفظ کی کاروائیاں یا سماعتیں بہت پیچیدہ ہوتی ہیں۔ وہ تیزی سے سر انجام دی جاتی ہیں۔ اگر آپ کے بچےکو گھر سے نکال لیا جائے، تو سی اے ایس کو لازمی طور پر اس معاملےکو پانچ دنوں کے اندر جج کے سامنے لانا چاہیئے۔

اس کے لئے بھی وقت کی سخت پابندیاں ہیں که ایک بچه کتنے عرصه تک عارضی بنیاد پر رضاعی دیکھ بھال میں رہ سکتا ہے۔ 6 سال سےکم عمر بچےکیلئے، زیادہ سے زیادہ وقت 12 ماہ ہے۔ اس بچے کے لئے جو 6 سال یا اس سے زائد عمرکا ہے، زیادہ سے زیادہ وقت 24 ماہ ہے۔ جب وقت کی حد پوری ہو جاتی ہے، تو عدالت کو لازمی طور پر بچےکو والدین، کمیونٹی یا خاندان کے فردکو واپس کردینا ہوتا ہے، یا بچےکو ایک توسیع شدہ سوسائٹی وارڈ بنانا چاہیئے (اسےکوئی اپنا سکتا ہے)۔

اسی لئے یه بہت ضروری ہےکه جتنی جلدی ہو سکے آپ قانونی مشورہ لیں، تاکه آپ سمجھ سکیں که اپنے بچےکو واپس لینےکیلئےکیا کرنےکی ضرورت ہے۔

**اگر آپ کے بچے کو سی اے ایس لے گئی ہے، تو فوری طور پر قانونی مشورہ حاصل کریں۔** اس بات کویقینی بنائیں که آپ کوئی ایسا وکیل تلاش کریں جو بچےکے تحفظ کے قانون کا تجربه رکھتا ہو۔ آپ لیگل ایڈ اونٹاریو یا جسٹس نیٹ کو کال کرکے ابتداکر سکتے ہیں۔

The Law Foundation of Ontario
Building a better foundation for justice in Ontario

Ontario

*اگر آپ اونٹاریو میں رہائش پذیرفرانسیسی بولنے والی خاتون ہیں، تو آپ کو فیملی لاء کورٹ پروسیڈنگز میں فرانسیسی زبان کی خدمات تک رسائی کا حق حاصل ہے۔ اپنے حقوق کے بارے میں، کسی وکیل سے رابطه کرنے، کسی کمیونٹی لیگل کلینک، یا Femaide سپورٹ لائن پر مزید معلومات کیلئے اس نمبر پرکال کریں 1-877-336-2433، ٹی ٹی وائی 1-866-860-7082*

*آپ ہماری ویب سائٹ پرفرانسیسی زبان میں خدمات تک رسائی کیسےکرنی ہے، کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرسکتے ہیں۔
www.onefamilylaw.ca یا www.undroitdefamille.ca*

## خاندانی قانون کے عنوانات دستیاب ہیں *

1. تنازع کا متبادل حل اور خاندانی قانون
2. **بچےکا تحفظ اور خاندانی قانون**
3. بچےکی سپورٹ
4. فوجداری اور خاندانی قانون
5. بچےکی تحویل اور رسائی
6. گھریلو معاہدے
7. خاندانی قانون ثالثی
8. تارکین وطن، پناہ گزینوں اور نان اسٹیٹس خواتین کے لئے خاندانی قانون کے مسائل
9. اپنے خاندانی قانون کے مسئلے میں مدد تلاش کرنا
10. خاندانی قانون میں جائیداد کو کس طرح تقسیم کیا جاتا ہے
11. شادی اور طلاق
12. ازدواجی مدد

*یہ کتابچہ متعدد فارمیٹس میں دستیاب ہے۔ براہِ مہربانی ملاحظہ فرمائیں www.onefamilylaw.ca مزید معلومات کے لئے۔ اپنے خاندانی قانون کے حقوق کو سمجھنے میں اپنی مدد کے لئے آپ ویب سائٹ پر اضافی مواد بھی ڈھونڈ سکتے ہیں۔*

fodf Femmes ontariennes et droit de la famille
Le droit de savoir

flew Family Law Education for Women
Women's Right to Know

Funded by:/Financé par:
Ontario

The Law Foundation of Ontario